سوال

(205) قضا شدہ نمازوں کی ترتیب

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا نسیان یا جہالت کے سبب قضا ہونے والی نمازوں میں ترتیب ساقط ہو جائے گی؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس مسئلہ میں اختلاف ہے، صحیح بات یہ ہے کہ ترتیب ساقط ہو جائے گی اور اس کی دلیل حسب ذیل ارشاد باری تعالیٰ کا عموم ہے:

رَبَّنا لا تُؤاخِذنا إِن نَسينا أَو أَخطَأنا ... سورة البقرة ۲۸۶

''اے پروردگار! اگر ہم سے بھول چوک ہو گئی ہو تو ہم سے مؤاخذہ نہ کیجیے۔''

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے:

«إِنَّ اللَّهَ تَجَاوَزَ عَنْ أُمَّتِي الْخَطَأَ وَالنِّسْيَانَ وَمَا اسْتُكْرِهُوا عَلَيْهِ» (سنن ابن ماجہ، الطلاق، باب طلاق المکرہ والناسی، ح: ۲۰۴۳)

''بے شک اللہ تعالیٰ نے میرے لیے میری امت کے خطا و نسیان اور جس پر انہیں مجبور کر دیا گیا ہو، سے درگزر سے کام لینے کا وعدہ فرمایا ہے۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

عقائد کے مسائل: صفحہ 253